# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY, HYDERABAD

(A Central University established by an Act of Parliament of India, 1998)

مفوضہ کام (فاصلاتی طرز)

بی۔اے۔(اسلامک اسٹڈیز)

پہلا سمسٹر

Batch 2020-21

☆ہدایات☆

مفوضہ کام (Assignments) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے بی۔اے۔(فاصلاتی طرز) پروگرام کا لازمی جز ہے۔ مفوضہ کام کے لیے 30 نمبرات مختص ہیں۔ ہر پرچے کے تین مفوضہ کام ہیں۔ آپ کو ہر پرچے کے مفوضہ کاموں کے جوابات تحریر کرتے ہوئے مقررہ تاریخ پر داخل کرنے ہوں گے۔ سہولت کی خاطر ہر مفوضہ کام کے تیس نمبر رکھے گئے ہیں، ان کا اوسط آپ کے سمسٹر امتحان کے نمبرات میں شامل کیا جائے گا۔ مفوضہ کام میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے جملہ 30 نمبرات میں سے 12 نمبرات حاصل کرنے ہوں گے۔ سمسٹر کے اختتام پر سمسٹر امتحان ہوگا اور ہر پرچے کے 70 نمبرات ہوں گے۔ ہر پرچے میں کامیابی کے لیے کم از کم 28 نمبرات حاصل کرنا لازمی ہے۔ مفوضہ کام تحریر کرنے سے متعلق ضروری ہدایات درج ذیل ہیں۔

1. ہر مفوضہ کام کے جوابات علاحدہ، مناسب، سفید، فُل اسکیپ کاغذ پر اپنے ہاتھ سے لکھیے۔ ہر صفحے پر دونوں جانب کم از کم ایک اِنچ کا حاشیہ ضرور چھوڑیے۔
2. جوابات پر 'حصہ' اور 'سوال نمبر' ضرور درج کیجیے۔ غلط سوال درج کرنے کی صورت میں آپ کے تحریر کردہ جواب کو نمبرات سے محروم رکھا جائے گا۔
3. مفوضہ کام کے کاغذات احتیاط کے ساتھ اپنے متعلقہ اِسٹڈی سینٹر کے کوآرڈینیٹر کے نام ارسال کیجیے یا شخصی طور پر ان کے حوالے کیجیے۔
4. کوآرڈینیٹر سے اپنے مفوضہ کام کی رسید بھی لیجیے۔
5. اگر آپ مفوضہ کام داخل نہ کرسکے یا کم از کم 12 نمبرات حاصل کرنے میں ناکامیاب رہے تو آپ کو آئندہ بیچ Batch کے مفوضہ کام کا انتظار کرنا ہوگا اور اس کے لیے نظامت فاصلاتی تعلیم، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی ویب سائٹ سے مسلسل رابطہ رکھنا ہوگا۔ ویب سائٹ: www.manuu.edu.in/dde
6. ایک مرتبہ مفوضہ کام میں کامیابی کے بعد نمبرات میں مزید اضافے کے لیے دوسری مرتبہ مفوضہ کام داخل کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

7. مقررہ تاریخ کے بعد تفویضات Assignments قبول نہیں کئے جائیں گے۔

8. طلبا کو چاہیے کہ مفوضہ کام کے کاغذات سے پہلے صفحہ اول پر ان تفصیلات کو درج کریں:

| | |
|---|---|
| نام:------------------------------------ | اسٹڈی سینٹر:------------------------------------ |
| پتہ:------------------------------------ | اندراج نمبر:------------------------------------ |
| بی۔اے۔کا مضمون:------------------------------------ | سال:------------------------------------ |
| پرچہ:------------------------------------ | مفوضہ کام نمبر:------------------------------------ |
| تاریخ:------------------------------------ | دستخط:------------------------------------ |

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

بی۔ اے، اسلامک اسٹڈیز (پہلا سمسٹر)

پرچہ: سیرت نبوی، خلافت راشدہ اور اموی دور

مفوضہ کام۔ ا    Assignment-1

جملہ نمبرات: 30

حصہ اول: معروضی سوالات / خالی جگہ پُر کرنے والے سوالات - تمام سوالات لازمی ہیں۔ 5×2=10

سوال۔ 1

(i) جنگ بسوس ، ............ کے درمیان لڑی گئی ۔

(ii) عہد نامہ عتیق میں ............ بنیادی کتابیں داخل ہیں ۔

(iii) ہجرت کے نویں سال کو عام ............ کہا جاتا ہے۔

(iv) اخلاق محمدی کے خلاصہ میں حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ: ''کان خلقه ............ ''۔

(v) شام کی رومی حکومت اور بعض عرب قبائل کی طرف سے مدینہ کے خلاف فوجی تیاری کی اطلاع کا آنا، یہ کس غزوہ کا سبب بنا؟.........

حصہ دوم: مختصر جوابی سوالات - ذیل میں دیئے گئے سوالات میں سے کسی دو کے جواب لکھیے ۔ ہر جواب کم از کم دو صفحات پر مشتمل ہو اور کوئی صفحہ 15 سطروں سے کم نہ ہو۔ 2×5=10

2. دور جاہلی میں جزیرہ عرب کے سیاسی حالات کیا تھے؟ بیان کیجیے۔

3. صلح حدیبیہ پر ایک مضمون لکھیے ۔

4. عیسائی عقائد پر ایک مضمون لکھیے ۔

5. آپ ﷺ کی بعثت کے بعد کی مکی زندگی پر نوٹ لکھیے ۔

حصہ سوم: طویل جوابی سوالات - ذیل میں دیئے گئے سوالات میں سے کسی ایک کا جواب لکھیے ۔ جواب کم از کم چار صفحات پر مشتمل ہو اور کوئی صفحہ 15 سطروں سے کم نہ ہو۔ 1×10=10

6. خانہ کعبہ کی تعمیر نو اور اس میں آپ ﷺ کے کردار پر ایک جامع نوٹ لکھیے ۔

7. سیرت کی روایت پر ایک مختصر نوٹ لکھتے ہوئے آپ ﷺ کی نبوت سے قبل کی زندگی کے اہم واقعات بیان کیجیے۔

8. اہم غزوات رسول ﷺ کے اسباب و نتائج پر روشنی ڈالیے۔

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

بی۔ اے، اسلامک اسٹڈیز (پہلا سمسٹر)

پرچہ: سیرت نبوی، خلافت راشدہ اور اموی دور

مفوضہ کام۔ ۲ Assignment-2

جملہ نمبرات: 30

حصہ اول: معروضی سوالات / خالی جگہ پُر کرنے والے سوالات - تمام سوالات لازمی ہیں۔ 5×2=10

سوال۔ 1

(i) سفر ہجرت میں آپ ﷺ نے کس کو امان نامہ لکھوا کر دیا؟ ............

(ii) خلافت کے لغوی معنی ............ کیا ہیں؟

(iii) قبل اسلام حضرت ابوبکرؓ کا نام کیا تھا؟-------

(iv) جھوٹے مدعیان نبوت میں سے ایک عورت تھی، اس کا نام ............ بنت الحارث تھا۔

(v) ایران کی فتوحات کی تکمیل کس خلیفہ کے زمانے میں ہوئی؟............

حصہ دوم: مختصر جوابی سوالات - ذیل میں دیے گئے سوالات میں سے کسی دو کے جواب لکھیے۔ ہر جواب کم از کم دو صفحات پر مشتمل ہو اور کوئی صفحہ 15 سطروں سے کم نہ ہو۔ 2×5=10

2. جمع قرآن میں حضرت ابوبکر الصدیقؓ کا کیا کردار تھا؟ بیان کیجیے۔

3. حضرت عمرؓ کے اسلام لانے کا واقعہ بیان کیجیے۔

4. خلافت راشدہ کے ارتقا پر گفتگو کیجیے۔

5. حضرت عثمانؓ کے آخری دور میں جو فتنہ اور فساد برپا ہوا اس کے اسباب کیا تھے؟ جائزہ لیجیے۔

حصہ سوم: طویل جوابی سوالات - ذیل میں دیئے گئے سوالات میں سے کسی ایک کا جواب لکھیے۔ جواب کم از کم چار صفحات پر مشتمل ہو اور کوئی صفحہ 15 سطروں سے کم نہ ہو۔ 1×10=10

6. حضرت عثمانؓ کے انتخاب خلیفہ کا واقعہ تفصیل سے بیان کیجیے۔

7. اولیات عمرؓ پر ایک جامع نوٹ لکھیے۔

8. خلافت راشدہ کے ارتقا سے بحث کرتے ہوئے، خلیفہ ابوبکر صدیقؓ کی حیات اور ان کے کارناموں پر ایک مضمون لکھیے۔

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

بی۔ اے، اسلامک اسٹڈیز (پہلا سمسٹر)

پرچہ: سیرت نبوی، خلافت راشدہ اور اموی دور

مفوضہ کام۔ ۳ Assignment-3

جملہ نمبرات: 30

حصہ اول : معروضی سوالات / خالی جگہ پُر کرنے والے سوالات - تمام سوالات لازمی ہیں۔ 5×2=10

سوال۔ 1

(i) جنگ جمل کے بعد حضرت علیؓ مدینہ نہیں لوٹے بلکہ شہر ............ کا رخ کیا۔

(ii) حضرت علیؓ پر حملہ کرنے والے خارجی کا نام کیا ہے؟ ............

(iii) کنوز و معادن میں ............ فی صد (%) بیت المال کا حق مانا جاتا تھا۔

(iv) فوج کا محکمہ کس حاکم کے زمانہ سے قائم تھا؟............

(v) پولیس کے محکمے کا نام احداث تھا اور اس کا افسر اعلیٰ............ کہلاتا تھا۔

حصہ دوم : مختصر جوابی سوالات - ذیل میں دیئے گئے سوالات میں سے کسی دو کے جواب لکھیے ۔ ہر جواب کم از کم دو صفحات پر مشتمل ہو اور کوئی صفحہ 15 سطروں سے کم نہ ہو۔ 2×5=10

2. اسلامی خلافت کے نظام حکومت پر روشنی ڈالیے۔

3. بنوامیہ (دمشق) کے مالیاتی نظام کا جائزہ لیجیے۔

4. اموی عہد میں علوم نقلیہ کے میدان میں کیا ترقی ہوئی ؟ بیان کیجیے۔

5. اپنے مطالعہ کی روشنی میں دور خلافت راشدہ اور دور بنی امیہ کے نظام حکومت کا تقابلی جائزہ پیش کیجیے۔

حصہ سوم : طویل جوابی سوالات - ذیل میں دیئے گئے سوالات میں سے کسی ایک کا جواب لکھیے ۔ جواب کم از کم چار صفحات پر مشتمل ہو اور کوئی صفحہ 15 سطروں سے کم نہ ہو۔ 1×10=10

6. حضرت علیؓ کے منہج خلافت کو بیان کرتے ہوئے، جنگ جمل اور جنگ صفین کے اسباب و نتائج پر روشنی ڈالیے۔

7. خلافت راشدہ کے نظم و نسق کا جائزہ لیتے ہوئے، اسی دور کی خصوصیات بیان کیجیے۔

8. اموی حکومت کی توسیع کا جائزہ لیجیے۔